130

آیات نمبر 136 تا 140 میں بیان کہ کفار اپنے کھیت اور مویشیوں کی پیداوار میں سے اللہ اور اپنے بتوں کے نام پر حصے نکالتے ہیں، پھر ان کے عقیدہ کے مطابق اللہ کے حصہ میں سے تو بتوں کے حصہ میں دیا جا سکتا ہے لیکن بتوں کے حصہ میں سے اللہ کے حصہ میں کچھ شامل نہیں کیا جا سکتا۔ کفار نے بہت سی چیزوں کو اپنی مرضی سے حلال اور حرام قرار دے لیا تھا جس کی کوئی بنیاد نہیں۔ جن لوگوں نے اپنی اولاد کو قتل کیا اور اللہ کی حلال کردہ اشیاء کو حرام ٹھہرایا وہی لوگ خسارہ میں رہیں گے۔

وَ جَعَلُوْا لِلّٰهِ مِمَّا ذَرَاَ مِنَ الْحَرْثِ وَ الْاَنْعَامِ نَصِيْبًا فَقَالُوْا هٰذَا لِلّٰهِ بِزَعْمِهِمْ وَ هٰذَا لِشُرَكَآئِنَا ۚ اور یہ کافر لوگ اللہ کی پیدا کی ہوئی کھیتی اور اس کے پیدا کئے ہوئے مویشیوں میں سے اللہ کا ایک حصہ مقرر کر دیتے ہیں پھر یہ کافر اپنے خیال باطل کی بنا پر یہ کہتے ہیں کہ یہ حصہ اللہ کا ہے اور یہ حصہ ہمارے مقرر کردہ معبودوں کا ہے فَمَا كَانَ لِشُرَكَآئِهِمْ فَلَا يَصِلُ اِلَى اللّٰهِ ۚ وَ مَا كَانَ لِلّٰهِ فَهُوَ يَصِلُ اِلٰى شُرَكَآئِهِمْ ؕ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ﴿١٣٦﴾ پھر یہ کہتے ہیں کہ جو حصہ ان کے مقرر کردہ معبودوں کے لیے ہے وہ تو اللہ کے حصہ میں شامل نہیں کیا جا سکتا، مگر جو اللہ کے لیے ہے وہ ان کے معبودوں کے حصہ میں شامل کیا جا سکتا ہے، کیا ہی برا فیصلہ ہے جو یہ کرتے ہیں وَ كَذٰلِكَ زَيَّنَ لِكَثِيْرٍ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ قَتْلَ اَوْلَادِهِمْ شُرَكَآؤُهُمْ لِيُرْدُوْهُمْ وَ لِيَلْبِسُوْا عَلَيْهِمْ دِيْنَهُمْ ؕ اور اسی طرح اکثر مشرکوں کی نگاہ میں ان کے باطل معبودوں نے ان کی اولاد کے قتل کو خوشنما بنا رکھا ہے تاکہ وہ ان مشرکوں کو ہلاکت میں مبتلا کر دیں اور ان کے دین کو ان

پر مشتبہ کر دیں وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُوْنَ ﴿۱۳۷﴾ اور اگر
اللہ چاہتا تو یہ مشرک ایسا کبھی نہ کرتے، لہٰذا آپ ان کو اور ان کی افترا پردازیوں کو
ان کی حالت پر چھوڑ دیجئے اپنے باطل معبودوں کے غضب سے بچنے کے لئے یہ مشرکین اپنی
اولاد کی قربانی پیش کیا کرتے تھے، شیطان نے اس کام کو ان کی نظروں میں مستحسن بنا دیا تھا۔
چونکہ یہ دنیا کی زندگی ایک امتحان ہے اس لئے ہر شخص کو اختیار دیا گیا ہے کہ خواہ اللہ کی اطاعت
کرے خواہ شیطان کی پیروی کرے، مکمل حساب قیامت کے دن ہی ہو گا وَقَالُوْا هٰذِهٖٓ
اَنْعَامٌ وَّحَرْثٌ حِجْرٌ ۖ لَّا يَطْعَمُهَآ اِلَّا مَنْ نَّشَآءُ بِزَعْمِهِمْ اور وہ لوگ یہ
بھی کہتے ہیں کہ یہ کچھ مخصوص مویشی اور مخصوص کھیت عام لوگوں کے لئے ممنوع
ہیں انہیں ہماری اجازت کے بغیر کوئی نہیں کھا سکتا ان مویشیوں اور کھیتوں کو بتوں کے نام
پر مخصوص کر دیتے تھے وَاَنْعَامٌ حُرِّمَتْ ظُهُوْرُهَا وَاَنْعَامٌ لَّا يَذْكُرُوْنَ
اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا افْتِرَآءً عَلَيْهِ ۭ اسی طرح کچھ مویشی ایسے ہیں جن کی پیٹھ پر
سوار ہونا ممنوع ہے اور بعض مخصوص مویشی ایسے ہیں کہ ذبح کرتے وقت ان پر اللہ کا
نام نہیں لیتے اور یہ جھوٹ بھی بولتے ہیں کہ یہ تمام احکام اللہ کی طرف سے ہیں
سَيَجْزِيْهِمْ بِمَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۱۳۸﴾ عنقریب اللہ انہیں اس جھوٹ اور بہتان
کی سزا دے گا وَقَالُوْا مَا فِيْ بُطُوْنِ هٰذِهِ الْاَنْعَامِ خَالِصَةٌ لِّذُكُوْرِنَا وَ
مُحَرَّمٌ عَلٰٓي اَزْوَاجِنَا ۚ نیز وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ ان مخصوص جانوروں کے پیٹ
میں جو بچہ ہے وہ صرف ہمارے مردوں کے لئے حلال ہے اور ہماری عورتوں پر اس کا
کھانا حرام ہے وَاِنْ يَّكُنْ مَّيْتَةً فَهُمْ فِيْهِ شُرَكَآءُ ۭ البتہ اگر وہ بچہ مردہ پیدا

ہو تو مرد و عورت سب کھا سکتے ہیں سَيَجْزِيْهِمْ وَصْفَهُمْ ۭ اِنَّهٗ حَكِيْمٌ
عَلِيْمٌ ﴿١٣٩﴾ عنقریب اللہ اِنہیں اِن کی غلط بیانیوں کی سزا دے گا بے شک وہ بڑی
حکمت والا اور بڑے علم والا ہے قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ قَتَلُوْٓا اَوْلَادَهُمْ سَفَهًۢا
بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّ حَرَّمُوْا مَا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ افْتِرَاۗءً عَلَى اللّٰهِ ۭ یقیناً وہ لوگ
خسارے میں پڑ گئے جنہوں نے اپنی اولاد کو جہالت و نادانی کی بنا پر قتل کر ڈالا اور اسی
طرح اللہ پر بہتان باندھ کر اس رزق کو اپنے اوپر حرام کر لیا جو اللہ نے انہیں عطا کیا
تھا قَدْ ضَلُّوْا وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ﴿١٤٠﴾ۧ یقینا یہ لوگ گمراہی میں اتنی دور جا
چکے ہیں کہ کبھی راہِ راست پر نہیں آسکتے رکوع [١٦]

[# 130]

In Verses 136 to 140 is stated that the disbelievers allocate a share from their crops and cattle for Allah and for their idols. According to their beliefs, a share from Allah's portion can be given to their idols, but nothing from the idols' share can be included in Allah's portion. The disbelievers have arbitrarily declared many things as halal (permissible) or haram (forbidden), without any basis. Those who have unjustly killed their own children and declared Allah's lawful provisions as unlawful will surely incur loss.

وَ جَعَلُوْا لِلّٰهِ مِمَّا ذَرَاَ مِنَ الْحَرْثِ وَ الْاَنْعَامِ نَصِيْبًا
فَقَالُوْا هٰذَا لِلّٰهِ بِزَعْمِهِمْ وَهٰذَا لِشُرَكَآئِنَا

And these [idolators] designate a portion of crops and cattle for Allah [as an offering to the poor's], which He has created. [Then based on their false beliefs], they assert that this portion belongs to Allah and another portion only belongs to their associate-gods [idols].

فَمَا كَانَ لِشُرَكَآئِهِمْ فَلَا يَصِلُ اِلَى اللّٰهِ ۚ وَمَا كَانَ لِلّٰهِ فَهُوَ
يَصِلُ اِلٰى شُرَكَآئِهِمْ ۗ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ﴿۱۳۶﴾

Then they assert that whatever portion is designated for their appointed idols cannot be included in Allah's portion, but whatever is designated for Allah can be included in the portion assigned to their idols. What a bad judgment they make!

وَ كَذٰلِكَ زَيَّنَ لِكَثِيْرٍ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ قَتْلَ اَوْلَادِهِمْ
شُرَكَآؤُهُمْ لِيُرْدُوْهُمْ وَلِيَلْبِسُوْا عَلَيْهِمْ دِيْنَهُمْ ؕ

And in the same way, in the eyes of many polytheists, their associate-gods have made the killing of their own children appear pleasing, so that they may lead those polytheists to their destruction and cast doubts upon their religion.

وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُوْنَ ﴿١٣٧﴾

And if Allah had Willed, those polytheists would not have done such things. So, leave them alone, along with all that they fabricate.

To escape the wrath of their false idols, these polytheists used to present the sacrifice of their own children, a deed that satan had made appealing in their eyes. Since the life of this world is a test, every individual has been given the choice to either obey Allah or follow satan. The complete accountability will take place on the Day of Judgment.

وَ قَالُوْا هٰذِهٖۤ اَنْعَامٌ وَّ حَرْثٌ حِجْرٌ ۖ لَّا يَطْعَمُهَاۤ اِلَّا مَنْ نَّشَآءُ بِزَعْمِهِمْ

And they also claim that certain cattle and specific crops are forbidden [for common people], and no one can consume them without their permission. [They would designate those cattle and crops specifically for their idols.]

وَ اَنْعَامٌ حُرِّمَتْ ظُهُوْرُهَا وَ اَنْعَامٌ لَّا يَذْكُرُوْنَ اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا افْتِرَآءً عَلَيْهِ ؕ

Similarly, there are some cattle on which riding is prohibited, and there are specific cattle on which, they do not mention the name of Allah while slaughtering. They also [falsely] claim [that all] these [regulations] are from Allah.

سَيَجۡزِيۡهِمۡ بِمَا كَانُوۡا يَفۡتَرُوۡنَ ﴿١٣٨﴾

He will soon punish them for what they fabricate.

وَ قَالُوۡا مَا فِىۡ بُطُوۡنِ هٰذِهِ الۡاَنۡعَامِ خَالِصَةٌ لِّذُكُوۡرِنَا وَ مُحَرَّمٌ عَلٰٓى اَزۡوَاجِنَا ۚ

They also claim that whatever is in the womb of these [designated] animals, is only permissible for our men, and its consumption is forbidden for our women.

وَ اِنۡ يَّكُنۡ مَّيۡتَةً فَهُمۡ فِيۡهِ شُرَكَآءُ ‌ؕ

But if it is still born, then both [men and women] can share it.

سَيَجۡزِيۡهِمۡ وَصۡفَهُمۡ‌ ؕ اِنَّهٗ حَكِيۡمٌ عَلِيۡمٌ ﴿١٣٩﴾

He shall punish them for their [false] claims. He is all-wise, all-knowing.

قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ قَتَلُوْٓا اَوْلَادَهُمْ سَفَهًۢا بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّ
حَرَّمُوْا مَا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ افْتِرَآءً عَلَى اللّٰهِ ؕ

Certainly, those people are indeed in loss who, due to their ignorance have [unjustly] killed their children. [In the same way], by falsely attributing lies to Allah, they have declared as forbidden the sustenance that Allah had granted them.

قَدْ ضَلُّوْا وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ﴿١٤٠﴾ؑ رکوع [١٦]

They have gone [far] astray, and they are not on the right path.